WAKEFIELD FAMILIES TOGETHER
happy, healthy, safe



# فیملی ہبز اور ٹیم اراؤنڈ دی ارلی ایئرز (Team around the Early Years, TAEY)


کنبہ جاتی زندگی کے مطالبوں پر قابو پانا آپ کو مشکل معلوم ہونے پر مدد اور تعاون کے لیے مقامی رسائی۔

## والدین اور نگراں کے لیے معلوماتی رہنما

## اس بات کو سمجھنا کہ آپ کی معلومات کو کس طرح شیئراور ریکارڈ کیا جاتا ہے

جب آپ ایک ریفرل مکمل کرنے اور اس پر اتفاق کرنے کے لیے اپنے بچے کی نرسری، چائلڈ مائنڈر، یا ہیلتھ وزیٹرز کے ساتھ کام کرتے ہیں تو یہ معلومات ابتدائی مدد، تعلیم اور صحت سے تعلق رکھنے والے پیشہ ور افراد کے ایک بنیادی گروپ کے ساتھ شیئر کی جاتی ہیں۔ وہ ایک ساتھ کام کر کے تعاون کے بہترین پیکیج کو شناخت کریں گے اور ہر تنظیم کے پاس جو کوئی اضافی متعلقہ معلومات ہو سکتی ہیں ان کے مدنظر وہ اپنے ریکارڈوں کو چیک کریں گے اور TAEY میٹنگ میں اسے شیئر کریں گے۔

میٹنگ میں شیئر کردہ اور متفقہ مشورہ، رہنمائی اور کارروائیوں سے متعلق نوٹس میٹنگ کے بعد ہر پارٹنر کے ریکارڈنگ سسٹم میں اسٹور کی جائیں گی۔ آپ کے فیملی پلان کی تفصیلات کو بھی ریکارڈ اور اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔



آپ اور آپ کی فیملی کےساتھ کام کی رہبری کرنے والی سروس ہمیشہ اس امر پر گفتگو کرے گی کہ آپ کی معلومات کو کس طرح اسٹور اور استعمال کیا جا رہا ہے، اور وہ اپنی رازداری کے نوٹس تک آپ کو رسائی فراہم کریں گے۔

TAEY کے حصے کے بطور کام کرنے والی تمام سروسز نے ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 1998 کی تعمیل کرنے کے لیے ڈیٹا کی سیکیورٹی اور حفاظت کے لیے سخت اقدامات نافذ کیے ہیں۔

ہماری رازداری کی پالیسی کی ایک کاپی اس پتے پر دستیاب ہے
**www.wakefieldfamiliestogether.co.uk/privacy-policy**








آپ جن شعبوں میں مدد لینا پسند کریں گے ان پر بات کرنے کے لیے آپ کے بچے کی نرسری، چائلڈ مائنڈر، یا ہیلتھ آپ کا اولین رابطہ کا مقام ہوگا۔ وہ آپ کے ساتھ ایک ریفرل فارم مکمل کریں گے۔

یہ فارم ابتدائی مدد، تعلیم اور صحت سے تعلق رکھنے والے پیشہ ور افراد – نیز کام کے مخصوص شعبے میں تخصیص رکھنے والے پیشہ ور افراد – کے ایک بنیادی گروپ کے ساتھ شیئر کیا جائے گا جو اس کے بعد ایک ساتھ کام کر کے آپ اور آپ کی فیملی کے لیے تعاون کا ایک بہترین پیکیج شناخت کریں گے۔

آپ کے ساتھ فیملی کا ایک امدادی منصوبہ تیار کیا جائے گا۔ اس سے طے ہوگا کہ تعاون کے جن مختلف شعبوں میں آپ نے مدد طلب کی ہے ان میں کون آپ کے ساتھ کام کیا کرے گا۔ اس میں آپ کے واقف کار لوگوں کی طرف سے تعاون کا ایک نیٹ ورک بنانا، اجتماعی سرگرمی یا 1:1 سیشن کے حصے کے بطور کسی مداخلتی پروگرام میں حاضر ہونا، یا آپ کی مقامی کمیونٹی میں فیملی کے بطور سرگرمیوں اور ایونٹس میں حاضر ہونا شامل ہے۔

اگر کسی مرحلے پر، آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو اب یہ تعاون درکار نہیں ہے یا اس کی خواہش نہیں ہے تو آپ اپنے بچے کی نرسری، چائلڈ مائنڈر، ہیلتھ وزیٹرز، یا مقامی فیملی ہب سے بات کر کے دستیاب تعاون سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔



### اس کے بعد آپ کا نگہداشت طفل فراہم کنندہ...

- مختلف پارٹنر سروسز سے دستیاب تعاون کے اختیارات کی وضاحت کرے گا
- آپ جس تعاون تک رسائی حاصل کرنا چاہیں گے اس پر آپ کے ساتھ اتفاق کرے گا
- سروسز کے ساتھ لنکس بنانے میں آپ کا تعاون کرے گا جو آپ اور آپ کی فیملی کے ساتھ ہونے والے کام کی رہبری کریں گے

فیملی ہبز ون اسٹاپ شاپ ہیں جہاں والدین، نگراں اور نوجوان افراد پوری فیملی کے لیے تعاون تک رسائی حاصل کرنے کے لیے تشریف لے جا سکتے ہیں، ای میل یا ٹیلیفون کر سکتے ہیں۔

آپ اپنا قریب ترین فیملی ہب درج ذیل کو ملاحظہ کر کے پتہ کر سکتے ہیں:
**www.wakefieldfamiliestogether.co.uk**

آپ اپنے بچے کی نرسری، چائلڈ مائنڈر، ہیلتھ وزیٹرز سے ابتدائی مدد کی گزارش اور 'ٹیم اراؤنڈ دی ارلی ایئرز ' (TAEY) کی میٹنگ کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔

TAEY فیملیز کی ابتدائی مدد کے لیے ایک پیشکش بھی ہے جو کنبہ جاتی زندگی کے مطالبوں پر قابو پانا آپ کو مشکل معلوم پڑنے پر تعاون تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کے لیے پیشہ ور افراد کی ٹیم کو ایک ساتھ مجتمع کرتی ہے۔

### یہ درج ذیل کے بارے میں فکرمندیاں ہو سکتی ہیں...

- رہائش میں تعاون
- جذباتی صحت اور بہبود
- نشہ اور/یا الکحل کا غلط استعمال
- صحت کی تشویشات
- فیملی کے معمولات اور/یا بچے کی نشوونما، نیند، یا شیر خوار بچے کو دودھ پلانا
- والدین کے رشتے اور/یا بچے سے والدین کے رشتے
- روپے کا نظم کرنا اور حدود طے کرنا
- پیسے کی فکرمندیاں
- گویائی اور لسانی نشوونما
- پرورش کرنا